اَلحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

اونٹ میں زکوۃ:

{} پانچ (5) اونٹ سے کم میں زکوۃ واجب نہیں اور جب پانچ (5) یا پانچ (5) سے زیادہ ہوں، مگر پچیس (25) سے کم ہوں تو ہر پانچ (5) میں ایک (1) بکری واجب ہے یعنی پانچ (5) ہوں تو ایک (1) بکری، دس (10) ہوں تو دو (2)، پندرہ (15) ہیں تو تین (3)، اسی طرح آگے تک۔

{} زکوۃ میں جو بکری دی جائے وہ ایک (1) سال سے کم عمر کی نہ ہو، بکری دیں یا بکرا اس کا اختیار (option) ہے۔

{} دو نصابوں کے درمیان میں جو اونٹ ہوں وہ معاف ہے یعنی اُن پر کچھ زکوۃ نہیں، مثلاً سات (7) یا آٹھ (8) اونٹ ہوں، جب بھی وہی ایک (1) بکرا یا بکری دی جائے گی() اسی طرح بارہ (12) یا تیرہ (13) اُونٹ ہوں تو دو بکرے یا بکریاں۔

{} پچیس (25) اونٹ ہوں تو ایک (ا) اونٹنی جو ایک (1) سال سے اوپر کی ہو یعنی دوسرے سال (2^{nd} year) میں چلی گئی ہو۔ پینتیس (35) تک یہی حکم ہے (یعنی 35 کی تعداد تک ایک اونٹنی جو ایک (1) سال سے اوپر کی ہو یعنی دوسرے سال (2^{nd} year) میں چلی گئی ہو، دینی ہو گی، مزید کچھ دینا لازم نہیں ہو گا)۔

() چھتیس (36) سے پینتالیس (45) تک اونٹ ہوں تو ایک (ا) اونٹنی جو دو (2) سال سے اوپر کی ہو چکی ہو یعنی تیسرے سال (3^{rd} year) میں چلی گئی ہو۔

() چھیالیس (46) سے ساٹھ (60) اونٹ ہوں تو ایک (ا) اونٹنی جو تین (3) سال سے اوپر کی ہو یعنی چوتھے سال (4^{th} year) میں چلی گئی ہو۔

() اکسٹھ (61) سے پچھتر (75) اونٹ ہوں تو ایک (ا) اونٹنی جو چار (4) سال سے اوپر کی ہو یعنی پانچویں سال (5^{th} year) میں چلی گئی ہو۔

www.farzuloom.net

()چھہتر(76)سے نوے(90)تک اونٹ ہوں تو دو(۲)اونٹنیاں جو دو(2)سال سے اوپر کی ہوں یعنی تیسرے سال(3rd year)میں چلی گئی ہوں۔

()اکانوے(91)سے ایک سو بیس(120)اونٹ ہوں تو دو(۲)اونٹنیاں جو تین(3)سال سے اوپر کی ہوں یعنی چوتھے سال(4th year)میں چلی گئی ہوں۔

()اس کے بعد ایک سو پینتالیس(145)تک اونٹ ہوں تو دو(۲)اونٹنی جو تین(3)سال سے اوپر کی ہو یعنی چوتھے سال(4th year)میں چلی گئی ہو اور اس کے ساتھ ہر پانچ اونٹ میں ایک بکری، مثلاً ایک سو پچیس(125)اونٹوں میں دو(۲)تین(3)سال سے اوپر کی اونٹنیاں اور ایک بکری، اسی طرح ایک سو تیس(130)اونٹوں میں دو(۲)تین(3)سال سے اوپر کی اونٹنیاں اور دو بکریاں۔

اونٹ کا نصاب::

اونٹوں کی تعداد جن پر زکوۃ واجب ہے	زکوۃ کی تفصیل(detail)
1،2،3،4اونٹوں پر:	کچھ زکوۃ نہیں۔
5،6،7،8،9اونٹوں پر:	1 بکری زکوۃ میں دی جائے گی۔
10،11،12،13،14 اونٹوں پر:	2 بکریاں زکوۃ میں دی جائیں گی۔
15،16،17،18،19 اونٹوں پر:	3 بکریاں زکوۃ میں دی جائیں گی۔
20،21،22،23،24اونٹوں پر:	4 بکریاں زکوۃ میں دی جائیں گی۔
{} 25 سے 35اونٹوں پر:	**1 سال کی ایک(۱)اونٹنی زکوۃ میں دی جائے گی۔**
36 سے 45اونٹوں پر:	**2سال کی ایک(۱)اونٹنی۔**
46سے 60اونٹوں پر:	**3سال کی ایک(۱)اونٹنی۔**
61 سے75اونٹوں پر:	**4سال کی ایک(۱)اونٹنی۔**
76 سے 90 اونٹوں پر:	**2سال کی دو(۲)اونٹنیاں۔**

www.farzuloom.net

91سے 120 اونٹوں پر:	**3 سال کی دو(۲) اونٹنیاں۔**
{}121 سے 124 اونٹوں میں بھی:	**3 سال کی دو(۲) اونٹنیاں زکوۃ میں دی جائیں گی۔**
پھر125 سے 129 اونٹوں پر:	3 سال کی دو(۲) اونٹنیاں اور ایک(۱) بکری۔
130سے 139 اونٹوں پر:	3 سال کی دو(۲) اونٹنیاں اور دو(۲) بکریاں۔
139سے135 اونٹوں پر:	3 سال کی دو(۲) اونٹنیاں اور تین(۳) بکریاں۔
140سے 144 اونٹوں پر:	3 سال کی دو(۲) اونٹنیاں اور چار(۴) بکریاں۔
145 سے 149 اونٹوں پر:	3 سال کی دو(۲) اونٹنیاں اور پانچ(۵) بکریاں۔

نوٹ: اونٹ کی زکوۃ میں جہاں پر ایک(1) یا دو(2) یا تین(3) یا چار(4) سال کی اونٹنی کی زکوۃ کا حکم ہے تو اس میں یہ ضروری ہے کہ وہ اونٹنی ہی ہو، اگر اونٹنی کی جگہ اونٹ دیں گے تو قیمت(price) دیکھی جائے گی، اگر اونٹنی کی قیمت(price) زیادہ ہو اور اونٹ کی کم تو جتنے پیسے کم ہونگے وہ دینے ہونگے۔

{}150 سے 154 اونٹوں میں:	3 سال کی تین(۳) اونٹنیاں زکوۃ میں دی جائیں گی۔
155سے 159 اونٹوں پر:	3 سال کی تین(۳) اونٹنیاں اور 1 بکری۔
160سے 164 اونٹوں پر:	3 سال کی تین(۳) اونٹنیاں اور 2 بکریاں۔
165سے 169 اونٹوں پر:	3 سال کی تین(۳) اونٹنیاں اور 3 بکریاں۔
170سے 174 اونٹوں پر:	3 سال کی تین(۳) اونٹنیاں اور 4 بکریاں۔
{}175 سے 185 اونٹوں میں:	**3 سال کی تین(۳) اونٹنیاں اور 1 اونٹنی ایک سال کی۔**
186سے 195 اونٹوں پر:	**3 سال کی تین(۳) اونٹنیاں اور 1 اونٹنی دو سال کی۔**

{}150 کے بعد مزید 50 بلکہ 46 مکمل ہونے پر 3 سال کی ایک اونٹنی کا اضافہ (increase):

196سے 200 اونٹوں پر:	3 سال کی چار(۴) اونٹنیاں	**یا**
	2 سال کی پانچ(۵) اونٹنیاں زکوۃ میں دی جائیں گی۔	

www.farzuloom.net

(**نوٹ:** اسی طرح ہر 50 میں ایک اونٹنی کا اضافہ ہوتا رہے گا۔ 250 بلکہ 246 پر 5 اونٹیاں ۳ سال کیں، 300 بلکہ 296 پر 6 اونٹیاں ۳ سال کیں، 350 بلکہ 346 پر 7 اونٹیاں ۳ سال کیں۔۔۔۔)

{} اب 150 میں مزید پچیس (25) کا اضافہ (increase) ہونے سے پہلے تک ہر 5 کا اضافہ ہونے پر ایک بکری بڑھائیں: 201 سے 204 اونٹوں پر (وہی): 3 سال کی چار (۴) اونٹنیاں زکوۃ میں دی جائیں گی (کیونکہ ابھی 200 کے بعد مکمل 5 جمع نہیں ہوئے)۔

205 سے 209 اونٹوں پر: + 1 بکری (یعنی 3 سال کی چار (۴) اونٹنیاں + 1 بکری)۔

(**نوٹ:** اسی طرح ہر 50 کے پہلے 25 میں ہو گا یعنی 255 پر 5 اونٹیاں ۳ سال کی + 1 بکری، 305 پر 6 اونٹیاں ۳ سال کی + 1 بکری، 355 پر 7 اونٹیاں ۳ سال کی + 1 بکری۔۔۔۔)

210 سے 214 اونٹوں پر: + 1 بکری (یعنی 3 سال کی چار (۴) اونٹنیاں اور 2 بکریاں)۔

(**نوٹ:** اسی طرح ہر 50 کے پہلے 25 میں ہو گا یعنی 260 پر 5 اونٹیاں ۳ سال کی + 2 بکری، 310 پر 6 اونٹیاں ۳ سال کی + 2 بکری، 360 پر 7 اونٹیاں ۳ سال کی + 2 بکری۔۔۔۔)

215 سے 219 اونٹوں پر: + 1 بکری (یعنی 3 سال کی چار (۴) اونٹنیاں اور 3 بکریاں)۔

(**نوٹ:** اسی طرح ہر 50 کے پہلے 25 میں ہو گا یعنی 265 پر 5 اونٹیاں ۳ سال کیں + 3 بکری، 315 پر 6 اونٹیاں ۳ سال کیں + 3 بکری، 365 پر 7 اونٹیاں ۳ سال کیں + 3 بکری۔۔۔۔)

220 سے 224 اونٹوں پر: + 1 بکری (یعنی 3 سال کی چار (۴) اونٹنیاں اور 4 بکریاں)۔

(**نوٹ:** اسی طرح ہر 50 کے پہلے 25 میں ہو گا یعنی 270 پر 5 اونٹیاں ۳ سال کیں + 4 بکری، 320 پر 6 اونٹیاں ۳ سال کیں + 4 بکری، 370 پر 7 اونٹیاں ۳ سال کیں + 4 بکری۔۔۔۔)

{} جب 150 پہ پچیس (25) کا اضافہ (increase) مکمل ہو جائے گا تو اب ایک سال کی ایک اونٹنی کی زکوۃ بڑھا دیں گے:

{} 225 سے 235 اونٹوں پر: 3 سال کی چار (۴) اونٹنیاں اور 1 اونٹنی ایک سال۔

www.farzuloom.net

(**نوٹ:** اسی طرح ہر 50 کے بعد 25 مکمل ہونے پر یہ اضافہ ہو گا یعنی 275 پر 5 اونٹنیاں ۳ سال کیں اور 1 اونٹنی ایک سال، 325 پر 6 اونٹیاں ۳ سال کیں اور 1 اونٹنی ایک سال، 375 پر 7 اونٹنیاں ۳ سال کیں اور 1 اونٹنی ایک سال۔۔۔۔)

{} جب 150 پہ چھتیس (36) کا اضافہ (increase) مکمل ہو گا تو اب ایک سال کی ایک اونٹنی کی جگہ زکوۃ میں دو سال کی ایک اونٹنی کر دیں گے:

{} 236 سے 245 اونٹوں پر: 3 سال کی چار (۴) اونٹنیاں اور 1 اونٹنی دو سال۔

(**نوٹ:** اب ہر 50 کے بعد 36 مکمل ہونے پر ایک سال کی اونٹنی کی جگہ، 2 سال کی ایک اونٹنی زکوۃ میں دیا جائے گا یعنی 286 پر 5 اونٹنیاں ۳ سال کیں اور 2 سال کی ایک اونٹنی، 336 پر 6 اونٹیاں ۳ سال کیں اور 2 سال کی ایک اونٹنی، 386 پر 7 اونٹنیاں ۳ سال کیں اور 2 سال کی ایک اونٹنی۔۔۔۔)

{} 150 کے بعد 50 بلکہ 46 مکمل ہونے پر 3 سال کی ایک اونٹنی کا زکوۃ میں اضافہ (increase) کر دیں گے:

246 سے 250 بلکہ 251 تا 254 اونٹوں پر: 3 سال کی پانچ (۵) اونٹنیاں

(**نوٹ:** اب ہر 50 بلکہ 46 اونٹ مکمل ہونے پر 3 سال کی ایک اونٹنی کا اضافہ ہو گا یعنی 300 بلکہ 296 پر 6 اونٹنیاں ۳ سال کیں، 350 بلکہ 346 پر 7 اونٹیاں ۳ سال کیں، 400 بلکہ 399 پر 8 اونٹنیاں ۳ سال کیں)۔

(بہار شریعت، ج ۱، ح ۵، ص ۸۹۴، ۸۹۳ ماخوذاً)

www.farzuloom.net